## حکومت برطانیہ الطاف حسین کے تحفظ کیلئے ٹھوس اقدامات کرے

## الطاف حسین کی زندگی پر خدانخواستہ کوئی آنچ آئی تو سازشی عناصر بھی سلامت نہیں رہیں گے

## قتل کی سازش کے انکشاف سے پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم ایم کیو ایم کے کارکنان میں غم وغصہ کی لہر

## ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ٹیلی فون، ای میل اور فیکس کا تانتا

لندن۔۔۔28، جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے قتل کی سازش کے انکشاف اور لندن میں ان کی رہائش گاہ کے اطراف مشکوک افراد کی سرگرمیوں کی اطلاع سے پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم ایم کیو ایم کے کارکنان وہمدرد عوام میں شدید غم وغصہ اور تشویش پائی جاتی ہے۔گزشتہ روز ایم کیو ایم کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کے دوران جناب الطاف حسین نے انکشاف کیا تھا کہ لندن میں انہیں پیشہ ور قاتلوں کے ذریعے قتل کرانے کی سازش تیار کی گئی ہے اور گزشتہ روز ان کی رہائش گاہ کے قریب مشکوک افراد کی سرگرمیاں دیکھی گئی ہیں۔ جناب الطاف حسین کے انکشاف کے بعد پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم ایم کیو ایم کے کارکنان میں تشویش کی لہر دوڑ گئی اور انہوں نے ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں سینکڑوں کی تعداد میں ٹیلی فون ،فیکس اور ای میل کے ذریعے جناب الطاف حسین کے قتل کی سازش کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی۔اس سازش کے انکشاف سے ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ٹیلی فون کالوں،فیکس اور ای میل کا تانتا بندھا ہوا ہے۔انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں کارکنان کی جانب سے موصول ہونے والے پیغامات میں کہا گیا ہے کہ جوعناصر پیشہ وار قاتلوں کے ذریعے قائدتحریک جناب الطاف حسین کے قتل کی سازش کررہے ہیں وہ ملک بھر کے مظلوم عوام کے کھلے دشمن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین پاکستان کے واحد رہنماء ہیں جو ملک سے گلے سڑے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے عملی جدوجہد کررہے ہیں اور فرسودہ نظام کے محافظ جناب الطاف حسین کو اپنے راستے سے ہٹانے کی گھناؤنی سازشوں میں مصروف ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس سے قبل پاکستان میں جناب الطاف حسین کو متعدد بار قتل کرنے کی گھناؤنی سازشیں کی جاچکی ہیں جس کے باعث کارکنان وعوام جناب الطاف حسین سے دوری کا کرب سہنے پر مجبور ہیں تاکہ جناب الطاف حسین دشمنوں کی سازش سے محفوظ رہ سکیں لیکن اب سازشی عناصر کے حوصلے اس قدر بلند ہوچکے ہیں کہ وہ لندن میں بھی جناب الطاف حسین کے قتل کی گھناؤنی سازشیں کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اگر جناب الطاف حسین کی زندگی پر خدانخواستہ کوئی آنچ آئی تو سازشی عناصر بھی سلامت نہیں رہیں گے۔ پیغامات میں حکومت برطانیہ سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ غریب ومتوسط طبقہ کے متفقہ قائد جناب الطاف حسین کی جان کے تحفظ کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات بروئے کارلائیں۔انہوں نے جناب الطاف حسین کی صحت وتندرستی اور ناگہانی آفات سے تحفظ کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت پاک کالونی میں ایک روزہ مفت طبی کیمپ کا انعقاد

## طبی کیمپ سے سینکڑوں مریضوں نے استفادہ کیا،حق پرست صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد اور عبدالقادر لاکھانی کا دورہ کیا

کراچی۔۔۔28، جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے پاک کالونی کے علاقے چھتری والا چوک پر ایک روزہ مفت طبی کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس سے چھتری والا چوک کے مکینوں کے علاوہ قرب وجوار کے سینکڑوں نوجوانوں، بزرگوں،خواتین اور بچوں نے استفادہ کیا۔طبی کیمپ پر ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے مختلف امراض کے ماہر ڈاکٹروں نے مریضوں کا تفصیلی معائنہ کیا اور انہیں بھاری مالیت کی ادویات مفت فراہم کیں۔طبی کیمپ پر مریضوں کا زبردست رش دکھائی دیا جس کے باعث طبی کیمپ رات گئے تک جاری رہا۔دریں اثناء حق پرست صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد اور خورشید بیگم میڈیکل سینٹر واسپتال پاک کالونی کے انچارج عبدالقادر لاکھانی نے طبی کیمپ کا دورہ کیا اور یہاں جاری علاج ومعالجہ کی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے طبی کیمپ پر خدمات انجام دینے والے ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹروں،خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضاکاروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے اراکین کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا اور ان کے انسانیت کی خدمت کے جذبے کو سراہا۔

## الطاف حسین کو زرہ برابر بھی ٹھیس پہنچی تو سازشی عناصر کو پاتال میں بھی پناہ نہیں مل سکتی، ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔28، جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان قومی اسمبلی نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کو پیشہ ور قاتلوں کے ذریعے لندن میں قتل کی گھناؤنی سازش کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس ناپاک اور مذموم سازش میں ملوث عناصر کو متنبہ کیا ہے کہ اگر جناب الطاف حسین پر ذرا برابر بھی آنچ آئی یا انہیں ٹھیس پہنچی تو سازشی عناصر کو پاتال میں بھی پناہ نہیں مل سکتی۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین جس طرح سے پاکستان کے فرسودہ نظام کے خلاف آواز اٹھارہے ہیں اور ملک بھر کی تمام قومیتوں، برادریوں اور مذہبی اقلیتوں کے حقوق کے حصول کی جدوجہد کررہے ہیں اس سے جاگیرداروں، وڈیروں، سرداروں اور اسٹیبلشمنٹ کو اپنے لئے خطرات محسوس ہورہے ہیں اور ایک مرتبہ پھر ان عناصر کی جانب سے خوف کا شکار ہوکر جناب الطاف حسین کو راستے سے ہٹانے کے مذموم منصوبے بنائے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کروڑوں دلوں کی دھڑکن ہیں اور ان کے چاہنے والے پاکستان کے علاوہ دنیا بھر میں موجود ہیں اور اگر سازشی عناصر نے جناب الطاف حسین کے خلاف اپنے ناپاک اور مذموم منصوبے پر عملدرآمد کی کوشش بھی کی تو انہیں پہلے جناب الطاف حسین کے کروڑوں چاہنے والوں کا سامنا کرنا پڑے گا جو جناب الطاف حسین کی زندگی اور صحت وتندرستی کیلئے ہمیشہ دعا گو رہتے ہیں۔ ارکان قومی اسمبلی نے سازشی عناصر کو خبردار کیا کہ وہ اپنے مذموم عزائم کی تکمیل سے باز رہیں ورنہ انہیں اس طوفان کا سامنا کرنا پڑے گا جو سب کو خش وخشاک کی طرح بہالے جائے گا۔

## الطاف حسین کی سلامتی اور درازی عمر کیلئے شعبہ خواتین کے تحت یاسلام کا ورد

کراچی۔۔۔28، جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کے زیر اہتمام خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں قائدتحریک جناب الطاف حسین کی سلامتی اور درازی عمر کیلئے ''یاسلام'' کا ورد کیا گیا جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی ارکان آنسہ ممتاز انوار، محترمہ خورشید افسر، حق پرست خواتین اراکین اسمبلی، شعبہ خواتین کی ذمہ داران اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ بعدازاں اجتماع میں جناب الطاف حسین کے قتل کی گھناؤنی سازش کی سخت ترین الفاظ مذمت کی گئی اور اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ اگر جناب الطاف حسین کی سلامتی پر کوئی آنچ آئی تو سازشی عناصر بھی نہیں بچ سکیں گے اور انہیں ایم کیوایم کے کارکنان وعوام کے غیض وغضب کا سامنا کرنا پڑے گا۔ بعدازاں اجتماعی دعا کی گئی جس میں قائدتحریک جناب الطاف حسین کی سلامتی کے خلاف سازش کی ناکامی اور ان کی درازی عمر، صحت اور تندرستی کیلئے دعائیں کی گئیں۔

## رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لاہور داتا گنج بخش ٹاؤن کے انچارج ملک نعیم اور سمن آباد ٹاؤن کے انچارج فرقان خرم بٹ کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا

کراچی۔۔۔28، جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور مجرمانہ سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر ایم کیوایم لاہور (پنجاب) داتا گنج بخش ٹاؤن کے انچارج ملک نعیم ولد محمد اسحاق اور سمن آباد ٹاؤن لاہور کے انچارج فرقان خرم بٹ ولد شاہد بٹ کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ افراد سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

☆☆☆☆☆